تم میں سے کوئی شخص جمعہ کے دن روزہ نہ رکھے مگر ایک دن پہلے یا اس کے ایک (دن) بعد روزہ رکھتا ہو

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ ﷺ نے فرمایا: ”تم میں سے کوئی شخص جمعہ کے دن روزہ نہ رکھے مگر ایک دن پہلے یا اس کے ایک (دن) بعد روزہ رکھتا ہو“

[صحیح] [متفق علیہ]

نبی کریم ﷺ نے صرف جمعہ کے دن کا روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے اِلاّ یہ کہ اس سے پہلے (جمعرات) یا بعد (ہفتہ) میں ایک دن کا روزہ ملایا جائے یا اُس کے معمول کے ضمن میں آ جائے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/4449